10236 ـ مرغی ذبح کرنے کے فورا بعد حرکت کرتی ہوئی مرغی کھولتے ہوئے پانی میں ڈالنا

سوال

مرغی ذبح کرنے کے فورا بعد جبکہ ابھی مرغی میں حرکت ہو کو کھولتے ہوئے پانی میں ڈالنا تاکہ اس کے پروں کی صفائی آسانی سے ہو جائے، اگر ہم ایسا یقینی طور پر دیکھ لیں تو کیا اس مرغی کو کھانا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح بن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا تو ان کا جواب تھا:

جب وہ ذبح کی جا چکی ہے تو پھر کوئی حرج نہیں.

سوال: ؟

لیکن اس میں تو ابھی جان ہے اور وہ حرکت کر رہی اور پھڑک رہی ہے؟

جواب:

اگر تو ذبح کے بعد ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں (اور اس کا کھانا حلال ہے) لیکن یہ جائز نہیں وہ اسے اس تکلیف اور عذاب سے دوچار کریں .